سوال

(173)زکوۃ ایک فقیر کو دینا افضل ہے یا زیادہ فقیروں کو؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃاللہ وبرکاتہ

جب انسان اپنے مال کی زکوۃ ادا کرے اور وہ بہت قلیل مثلا صرف دو سو ریال ہو تو کیا وہ صرف ایک ضرورت مند گھر کو دینی افضل ہے یا مختلف گھروں میں تقسیم کر دی جائے تو افضل ہے؟ جزاکم اللہ خیرا۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃاللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علی رسول اللہ، أما بعد!

جب زکوۃ کی مقدار کم ہو تو ایک ضرورت مند کو دینی اولی اور افضل ہے کیونکہ اگر زکوۃ کم ہوگی اور اسے زیادہ گھروں میں تقسیم کر دیا جائے گا تو اس کی افادیت کم ہو جائے گی۔

مقالات وفتاویٰ ابن باز

صفحہ 267

محدث فتویٰ